جلد ۲۰ نمبر ۴۲

گزٹ ریاست رامپور
RAMPUR STATE GAZET
بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۵ جمادی الثانی سنہ ۱۳۴۷ھ مطابق ۱۹ نومبر سنہ ۱۹۲۸ء

فہرست مضامین

نمبر صفحہ	خلاصۂ مضمون	نمبر شمار

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

ٹھیکہ اخور اصطبل

۱۸ اکتوبر سنہ ۱۹۲۸ء

مصدرۂ رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر دربارہ منظوری ٹھیکہ اخور اصطبل بجمع مبلغ ۱۵۷ مع نذرانہ بندوبست بنام احمد بخش تحویلدار اصطبل من ابتدا جون سنہ ۱۹۲۸ء لغایت مئی سنہ ۱۹۲۹ء۔

حکم

بموجب رپورٹ ٹھیکہ اخور اصطبل من ابتدا جون گذشتہ سنہ ۱۹۲۸ء لغایت مئی سنہ ۱۹۲۹ء بجمع مبلغ ۱۹۰ منظور ہے۔ کاغذات بغرض کارروائی صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر

احکام حسب ضابطہ جاری ہوں۔ ۲۰ اکتوبر سنہ ۱۹۲۸ء

دستخط صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر

ٹھیکہ انڈہ و مرغی

۳ اکتوبر سنہ ۱۹۲۸ء

مصدرہ کاغذات رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر دربارہ منظوری ٹھیکہ انڈہ و مرغی وغیرہ مصارف مہمانان باورچیخانہ جات من ابتداء ۱۶ ستمبر سنہ ۱۹۲۸ء لغایت ۱۵ ستمبر سنہ ۱۹۲۹ء بنام [illegible] علی۔

مرغ کبابی	مرغ نیم	مرغ چوزہ	انڈے فصیدی	مرغ چینی
فی	فی	فی	فی	فی
۱۰/	۱۲/	۱۰/	۳	۴/
بط کلان	بط خرد	پیرو فی جوڑ	خرگوش	
فی	فی	فی	فی	
۱/	۱۲/	۱۴/	۱۴/	

حکم

چونکہ انڈے مرغ وغیرہ مصارف باورچیخانہ جات مہمانان برائے یکسال نظام
اون عمل حسب صراحت رپورٹ منظور ہے۔ نقل غذات بغرض کارروائی اجرائے احکام
صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکرٹری

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۳ نومبر ۱۹۲۸ء

بموجب رپورٹ صاحب ریونیو سکرٹری بہادر مورخہ ۲۰ اگست ۱۹۲۸ء منظوری
دیجاتی ہے کہ لفٹنٹ احمد اللہ خان کو ملقب بہ اسسٹنٹ مہتمم بندوبست کردیا جائے۔
وہ بہ نگرانی صاحب مہتمم بندوبست کام انجام دیں۔ فی الحال تنخواہ بدستور چھاؤنی سے
لینگے جب وہ بندوبست کے کام سے اچھی طرح واقف ہوجائینگے تو اسوقت چھاؤنی سے
اُنکی تنخواہ منتقل ہوجائیگی۔ تیس روپیہ الاؤنس جو انہیں دیا جاتا ہے کم نومبر سے مسدود
کیا جاتا ہے۔ بحالت دورہ ضابطہ کا سفر خرچ اور بھتہ دورہ پائینگے۔ نقل غذات
بغرض اجرائے احکام صاحب ریونیو سکرٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکرٹری

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بغرض		میر سامان

جناب عالی

صاحب مہتمم بندوبست وتحصیلداران و صاحبان کو بوجہ مصروفیت کار عدالت زیادہ تعداد
میں دورہ کرکے کاغذات دیہی مرتبہ پٹواریان و قانونگویان کی جانچ پڑتال کا
بہت کم موقع ملتا ہے چونکہ محض قانونگویان کی جانچ پڑتال شدہ کاغذات پر اکتفا کرکے
دہ سالہ وغیرہ پر کارروائی بندوبست تشخیص جمع وغیرہ کی کیجاتی ہے۔ بلحاظ نفع و نقصان سرکار
ضرورت ہے کہ ایک ایسا افسر مستقل خاص کاغذات دیہی کی جانچ پڑتال کیواسطے مقرر
کیا جائے کہ وہ فرائض پٹواریان و قانونگویان کی نگرانی رکھکر انکے کام کی دورہ کرکے
جانچ پڑتال کرتا رہے۔ لفٹنٹ احمد اللہ خان صاحب اے ڈی سی۔ مشاہرہ دار ایکسو چالیس
کے متعلق سابقاً بمنظوری اجلاس ہمایون بندگان عالی بعوض تیس روپیہ ماہوار الاؤنس بعلاقہ
کام دفتر نوآبادی وجانچ کام موقع نوآبادی تفویض کیا گیا ہے۔ لفٹنٹ صاحب موصوف کو
بتاریخ ۱۹ جولائی ۱۹۲۸ء ہدایت کی گئی تھی کہ وہ چند روز اصول و تیاری ترتیب

تکمیل کاغذات دیہی کے قواعد مجریہ پر نظر ڈالکر ان اصولوں کے موافق دو ایک مرتبہ
موقع پر عملی صورت میں لاکر تجربہ حاصل کریں چنانچہ بمنشاء حکم انہوں نے اپنے آپ کو بذریعہ
صاحب مہتمم بندوبست کے پرچہ سوالات قائم کرکے اور امتحان لیکر ۲۰ اگست ۱۹۲۸ء کو
رپورٹ دی کہ لفٹنٹ صاحب نے بہت سرسری علم کاغذات و پیمائش موقع حاصل کرلیا مزید
مشق اور محنت و شوق کے ساتھ جاری رہے تو امید ہے کہ اچھی طرح واقفیت ہو جائیگی۔ چونکہ
کاغذات دیہی و پیمائش کے اصولوں سے سرسری طور پر لفٹنٹ صاحب نے واقفیت
حاصل کرلی ہے آئندہ کام تفویض ہونے پر پورا تجربہ حاصل ہو جائیگا۔ مناسب ہے کہ لفٹنٹ
احمد اللہ خان صاحب کو ملقب بہ اسسٹنٹ مہتمم بندوبست ہی کردیا جاوے۔ اور بہ نگرانی
صاحب مہتمم بندوبست کار فرائض و اختیارات مصرحہ نوٹ صاحب مہتمم بندوبست مورخہ
۲۰ اگست ۱۹۲۸ء تفویض کردیے جائیں۔ اور انکی اور تحصیلدار صاحبان کی خط و کتابت
ساوی درجہ کی یادداشت کے طور پر ہوا کرے۔ اس انتظام سے امید ہے کہ پٹواریان قانونگویان
اپنے اپنے کار منصبی کو وقت پر بخوف اچھی طرح انجام دینگے۔ اور کاغذات دیہی بھی قابل اطمینان
تیار ہوتے رہیں گے۔ لفٹنٹ احمد اللہ خان صاحب اے ڈی سی کا بھی کام انجام دینگے۔ اور
تنخواہ بدستور بحیثیت اے ڈی سی سے پائینگے۔ اور کار نوآبادی کے صلہ میں جو الاؤنس ملتا ہے
وہ مسدود کیا جائے۔ اور جب کار مفوضہ اسسٹنٹ مہتمم بندوبستی کا دورہ کرینگے۔ تو ضابطہ کا
سفر خرچ و بھتہ بابتہ ایام دورہ وہ پانے کے مستحق ہونگے۔ رپورٹ جامع کاغذات متعلقہ ہمراہ ہے
بغرض ملاحظہ و صدور حکم اطلاع بحضور ہے۔ والادب

فرائض منصبی اسسٹنٹ مہتمم بندوبست

لفٹنٹ احمد اللہ خان بحیثیت اسسٹنٹ مہتمم بندوبست فرائض مصرحہ ذیل زیر نگرانی صاحب مہتمم بندوبست
انجام دینگے۔ جانچ کام۔

(۱) الف۔ پٹواریان سرموقعہ خصوصاً بروقت گرداوری حلقہ بندی و پڑتال نقشہ جات
و بستگی نہ وجانچ پردی برآری و دیگر کاغذات دیہی مطابق ہدایات
قواعد پٹواریان وجانچ دکالیات کے لئے سرخانہ کاشتکاران کا مقابلہ
سیاہہ پٹواری وریافت کاشتکاران سے کرنا ہوگا۔ اور بصورت اختلاف
یا عدم موجودگی سرخانہ جداگانہ رپورٹ معائنہ سے کرنا ہوگی۔

(ب) جانچ کام گرداوران سرموقعہ اس امر کا اطمینان کرنا ہوگا کہ گرداور نے کافی گشت
وجانچ اپنے حلقہ میں کی ہے یا نہیں۔

(ج) جانچ کام رجسٹران و بابت رجسٹران بلا لحاظ رجسٹران یہ دیکھا جائیگا کہ اندراج
رجسٹران مکمل ہے یا نہیں اور ... اوقات معینہ کے اندر ہوا ہے یا نہیں
اور تنخواہ پٹواریان وقت پر تقسیم ہوتی ہے یا نہیں۔ نیز رقومات وضع شدہ کا

اندراج فصل الوصول مین ہوتا ہے یا نہین اور خزانہ مین رقم وصعات موجود ہے یا خرچ ہوگئی

(۲) کاغذات متعلقہ کل ملازمان پٹواری خندہ و اہلیان پٹوار خندہ یا تتمہ اجلاس خواہ وہ کاغذات متعلقہ پٹواریان وقانونگویان ہون یا ملازمان پٹوار ہون - اول صاحب اسسٹنٹ مہتمم بندوبست کے سامنے پیش ہونگی اور کارروائی ذیل ہوگی -

الف - پٹواریان وگماشتگان و مردہ گان کی ایک ہفتہ تک کی تنخواہ بقصور غیر حاضری اسسٹنٹ صاحب خود وضع کرسکینگے - یا بقصور عدول حکمی ایک ہفتہ تک انکو معطل

(ب) دو ہفتہ تک رخصت پٹواریان وگماشتگان - مردہ گان کو دے سکینگے -

(ج) احکام اخراج نام پٹواری ہونے کو و معافی چندہ مدرسہ بحالت کامیابی پٹواریان بھی بحکم صاحب اسسٹنٹ مہتمم بندوبست جاری ہوجایا کرینگے -

(د) پٹواریان کے متعلق باقی صورتون مین تقرر و برخاستگی و تبدل و مزید سزا وغیرہ کی رپوٹین بااظہار رائے اجلاس صاحب مہتمم بندوبست مین کرینگے -

(ہ) قانونگویان کے متعلق سزائے جرمانہ و معطلی و تقرر و تبدیل وغیرہ کی رپوٹین بعد اظہار رائے کے اجلاس صاحب مہتمم بندوبست مین پیش کیا کرینگے -

نوٹ جب صاحب اسسٹنٹ مہتمم دورہ مین جاینگے - تو حسب حکم موجودہ صاحب مہتمم بندوبست اپنے اجلاس سے ضروری کارروائی کرینگے -

(۳) صاحب اسسٹنٹ مہتمم جو معائنہ جات کرینگے یا کام پٹواریان وگرداوران وقانونگویان کی جانچ کرینگے انکی رپوٹین صاحب مہتمم بندوبست کے سامنے پیش ہونگی -

(۴) سرانجام کام کے لئے دو اہلمد دیے جاینگے ان ہی مین سے ایک اہلمد منشی کریگا -

نوٹ کمرہ اجلاس اسسٹنٹ مہتمم بندوبست - بندوبست جدید کے کمرہ جات واقع اندرون دروازہ صدر رہیگا -

(۵) روزنامچہ جات گرداوران ونقشہ جات وفیلڈبک بدستور صدر قانونگو کے پاس آتے رہینگے - صدر قانونگو مناسب نوٹ کے ساتھ انکو صاحب اسسٹنٹ کی آگاہی کے لیے انکے پاس بھیجا کرینگے - اور اسسٹنٹ صاحب اپنے نوٹ کے ذریعہ سے اجلاس بندوبست مین پیش کیا کرینگے -

(۶) مدرسہ پٹواری کی نگرانی بھی صاحب اسسٹنٹ مہتمم کرینگے - اور اسکا سہ ماہی نقشہ مہتمم بندوبست کے اجلاس مین بھیجا کرینگے -

(۷) اہلکاران اجلاس بندوبست و تشخیص وپٹوار فنڈ کا بھی معائنہ صاحب اسسٹنٹ مہتمم کے اجلاس بندوبست مین پیش کیا کرینگے -

(۸) علاوہ امور مندرجہ بالا کے صاحب اسسٹنٹ اور ضروری کام مین جو نفع و نقصان سرکار سے متعلق ہون صاحب مہتمم بندوبست سپرد کرسکتے ہین - ۲۳ر اگست ۱۹۲۳ء

دستخط صاحب مہتمم بندوبست ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حسب منظوری اجلاس ہمایون رقمزدہ ۳ر نومبر ۱۹۲۳ء احکام ضابطہ جاری ہون - اور ایک ایک نقل قواعد مفصلہ اسسٹنٹ مہتمم بندوبست مرتبہ صاحب مہتمم بندوبست مورخہ ۲۳ر اگست ۱۹۲۳ء مع عرضداشت منظور شدہ اجلاس ہمایون بھی ہمراہ حکم ہذا کے کیجائے - اور ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع سرکاری کو مرسل ہو - ۵ر نومبر ۱۹۲۳ء

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۶ر نومبر ۱۹۲۳ء

مقبول احمد خان نگران توشہ خانہ کا نام ملازمت سے بوجہ فوتی خارج ہوتا ہے - انکی جگہ پر متوفی کے پسر شریف احمد خان منصرم جانچ کو باضافہ ... یعنی سے ... نگران توشہ خانہ مقرر کیا جاتا ہے - ... دوسرے پسر نجیب احمد خان کو تقرر ... بعہدہ ... صیغہ ... مین منظور کیا جاتا ہے - سررشتہ ... سے احکام ضابطہ جاری ہون -

باقی ... دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۸ر نومبر ۱۹۲۳ء

مثل تحریر حاکم صاحب صدر دربارہ منظوری رخصت مزید بکار امجد علیخان اہلمد صدر ... بوجہ علالت با نتظام سابقہ از یکم نومبر ۱۹۲۳ء تا آخر نومبر

حکم

بسلسلہ سابقہ یک ماہ کی مزید رخصت بعوض با نتظام سابقہ حسب رپورٹ حاکم صاحب صدر امجد کی منظور ہے - احکام ضابطہ جاری ہون -

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

رخصت

۵ر نومبر ۱۹۲۳ء

مثل تحریر کنٹرولر صاحب ہوس ہولڈ دربارہ منظوری رخصت حاجی ۱۵ یوم حبیب الرحمن خان نائب منصرم فراشخانہ من ابتدا ۳۰ر اکتوبر لغایت ۱۳ر نومبر ۱۹۲۳ء بغرض علاج -

حکم

رخصت ۱۵ر یوم منظور ہے - احکام ضابطہ جاری ہون -

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور - ہفتہ دوئم ماہ نومبر سنہ ۱۹۲۸ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	[illegible]	۱۰۵م	۰	۱۰۴م ۱۰۳م	۰	۱۰۴م	
نخود خالص	۱۰۵م ۱۲م	۱۲م	۰	۱۲م	۰	۱۲م	
نخود کسیہ آمیز	۱۰۲م	۰	۰	۱۴م	۰	۱۰۲م	
[illegible]	۱۰۲م ۱۴م	۰	۰	۱۴م	۰	۱۰۲م	
ماش	۱۰۵م ۱۰۵م	۱۲م	۰	۱۲م	۰	۱۲م	
مونگ	۱۳م ۱۵م	۰	۰	۰	۰	۱۲م	
مکا	۱۴م ۱۴م	۱۰۲م	۰	۱۴م	۰	۱۴م	
[illegible]	۱۵م ۱۰۵م	۰	۰	۰	۰	۱۱م	
[illegible]	۰	۰	۰	۰	۰	۱۰م	
عدس	۱۰۵م ۱۰۵م	۰	۰	۰	۰	۱۲م	
ارہر	۱۰۲م ۱۰۶م	۰	۰	۰	۰	۸م	
برنج	۴۰م	[illegible]	۰	[illegible]	۰	۱۵م	
روغن زرد	۲ چھٹانک	۲ چھٹانک	۰	۲ چھٹانک	۰	[illegible]	
روغن سیاہ	۱۰م	۱۲م	۰	۰	۰	۱۲م	
روغن کنجد	۱۲م	۱۲م	۰	۰	۰	۱۲م	
نمک سانبھر	۱۲م	۱۳م	۰	۱۱م	۰	۱۳م	
نمک لاہوری	۱۲م	۱۰م	۰	۰	۰	۱۰م	
قند سیاہ	۳م ۴م	۴م	۰	۴م	۰	۵م	
باجرہ	۱۰۲م ۱۲م	۱۲م	۰	۱۰۲م	۰	۷م	دیگر کیفیت سے مطلع نہیں آیا

نقشہ گوشوارہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور - ماہواری اکتوبر سنہ ۱۹۲۸ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد مسلمان	مرد ہندو	عورت مسلمان	عورت ہندو	میزان	تفصیل مذہب: مسلمان	ہندو	تفصیل فرقی: ایک سال سے ۵ سال تک: مرد	عورت	۵ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	عورت	۱۲ سال سے زیادہ: مرد	عورت	میزان: مرد	عورت	تفصیل مذہب: مسلمان	ہندو	تفصیل امراض: ہیضہ	چیچک	بخار	پیچش	[illegible]	[illegible]	طاعون	اموات کل	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۲۱	۸	۳۱	۸	۶۸	۵۲	۱۶	۱۱	۹	۱	۳	۱۳	۱۶	۲۶	۲۸	۳۷	۱۴	۰	۰	۰	۵۴	۰	۰	۰	۵۴	
گنج	۳۲	۳	۱۳	۲	۵۳	۳۸	۵	۵	۴	۰	۲	۱۲	۸	۲۳	۱۲	۳۴	۵	۰	۰	۲۳	۱۲	۰	۰	۰	۳۹	
حوالہ شہر	۱۳	۲۱	۸	۹	۵۱	۲۱	۳۰	۱۰	۶	۰	۱	۶	۷	۱۶	۱۳	۱۴	۱۳	۰	۰	۳۰	۰	۰	۰	۰	۳۰	
عظیم نگر	۲۷	۲۳	۱۲	۱۲	۷۳	۴۳	۳۰	۸	۱۱	۰	۳	۸	۳	۱۵	۱۸	۱۸	۱۵	۰	۰	۰	۳۳	۰	۰	۰	۳۳	
شاہ آباد	۲۳	۴۹	۲۴	۳۱	۱۴۰	۵۰	۹۰	۸	۱۰	۰	۰	۱۵	۱۱	۳۳	۲۳	۱۲	۳۳	۰	۰	۰	۴۴	۱	۰	۰	۴۵	
ملک	۱۳	۳۵	۰	۲۴/۱	۸۳	۲۱	۱۲/۱	۳	۳	۰	۰	۸	۴	۱۱	۱۰	۳	۱۸	۰	۰	۰	۲۰	۱	۰	۰	۲۱	
خاص	۲۶	۱۰۹	۲۴	۹۳	۲۵۲	۵۰	۲۰۲	۱۶	۲۰	۱	۱	۲۲	۲۴	۳۹	۴۲	۸	۴۳	۰	۱	۰	۸۰	۰	۰	۰	۸۱	
بلاسپور	۱۷	۲۱	۶	۱۴	۵۷	۲۳	۳۵	۲	۴	۰	۰	۱۲	۹	۱۸	۱۶	۱۹	۱۵	۰	۰	۳۳	۰	۱	۰	۰	۳۴	
کیمری	۱۰	۴۳	۲۰	۲۶	۱۰۷	۳۸	۷۵	۵	۲	۰	۱	۱۱	۶	۱۶	۱۰	۱۱	۱۵	۰	۰	۰	۲۵	۱	۰	۰	۲۶	
سوار	۱۶	۱۱	۱۳	۱۲	۵۳	۳۰	۲۳	۴	۳	۴	۰	۱	۱	۱۳	۴	۱۱	۵	۰	۰	۱۵	۱	۰	۰	۰	۱۶	
ٹانڈہ	۲۰	۱۸	۲۰	۲۶	۸۴	۳۰	۳۴	۳	۸	۰	۰	۹	۸	۱۲	۱۲	۱۵	۱۳	۰	۰	۰	۲۹	۰	۰	۰	۲۹	
میزان	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰	۰	۳۰۵	